# برلا نے ایس سی/ایس ٹی ویلفیئر کمیٹیوں کی کانفرنس کا افتتاح کیا

بھونیشور:(یو این آئی) لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے جمعہ کے روز اڈیشہ کی راجدھانی بھونیشور میں پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں کی



درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کی بہبود سے متعلق کمیٹیوں کے صدور کی دوروزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اس دوروزہ کانفرنس میں 120 سے زیادہ مندوبین جمع ہوئے ہیں، جن میں 19 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کی قانون ساز اسمبلیوں کی کمیٹیوں کے چیئرمین اور ممبران شامل ہیں۔ کانفرنس کا موضوع 'درجہ فہرست ذاتوں اور قبائل کی بہبود، ترقی اور بااختیار بنانے میں پارلیمانی اور قانون ساز کمیٹیوں کا کردار' ہے۔

اس کانفرنس میں آئینی تحفظات کو مضبوط بنانے، سماجی واقتصادی ترقی کو فروغ دینے اور درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کو بااختیار بنانے کے بہترین طریقوں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ 2047 تک 'وکست بھارت' کے ہدف کو حاصل کرنے کیساتھ ساتھ فلاحی پالیسیوں کے نفاذ میں جوابدہی کو یقینی بنانے میں پارلیمانی اور ریاستی قانون ساز کمیٹیوں کے اہم کردار کو بھی اجاگر کرے گا۔ درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کی فلاح وبہبود سے متعلق کمیٹیوں کے صدور کی پہلی کانفرنس 1976 میں نئی دہلی میں منعقد ہوئی تھی۔ اس کے بعد کی کانفرنسیں 1979، 1983، 1987 اور 2001 میں منعقد ہوئیں، جس نے مختلف پہلوؤں پر بامعنی مکالے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ پہلا موقع ہے کہ دہلی سے باہر اس کانفرنس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

# ہندوستان کو چین سے اپنی شرائط پر تعلقات بہتر کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے: کانگریس

نئی دہلی:(یو این آئی) کانگریس نے جمعہ کو کہا کہ چین ہندوستان اور امریکہ کے تعلقات میں بگاڑ کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے اور ہندوستان کو اپنی شرائط پر تعلقات بہتر کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ کانگریس کمیونیکیشن ڈپارٹمنٹ کے انچارج جے رام رمیش نے جمعہ کو یہاں ایک بیان میں کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کو جاپان کے بعد چین کا دورہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا یہ دورہ بہت اہم ہے لیکن اس دوران پاک۔ چین گٹھ جوڑ کے پیش نظر ہندوستان کے مفادات کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ مسٹر رمیش نے کہا کہ مسٹر مودی غیر ملکی دورے پر ہیں۔ مسٹر مودی جاپان کے بعد چین جائیں گے۔

پاکستان کے خلاف فوجی کارروائی کے دوران چین کے کردار کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کے ساتھ دوطرفہ امور پر بات کی جائے ۔ انہوں نے کہا کہ "ہمیں چین کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانے پر مجبور کیا جا رہا ہے- اور وہ بھی زیادہ تر ان کی شرائط پر۔ چین ہندوستان۔ امریکہ تعلقات میں بگاڑ کا فائدہ



اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے ۔ آپریشن سندور کے دوران پاکستان اور چین کی ملی بھگت کو ہماری ملٹری اسٹیبلشمنٹ نے بے نقاب کیا تھا لیکن اب لگتا ہے کہ اسے فراموش کر دیا گیا ہے ۔" کانگریس کے ترجمان نے چین کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے مسٹر مودی کے ایک پرانے بیان کا حوالہ دیا اور کہا کہ "وزیر اعظم کے 19 جون 2020 کے عجیب وغریب بیان، جس میں انہوں نے کہا تھا- نہ تو کوئی ہماری سرحد میں داخل ہوا ہے اور نہ ہی کوئی اندر ہے- نے ہماری بات چیت کی صلاحیت کو سنجیدگی سے کمزور کیا ہے۔

اس بیان کی وجہ سے ہندوستان کے پاس اب بہت کم گنجائش رہ گئی ہے۔ مسٹر مودی کا یہ دورہ چین کو کلین چٹ دینے جیسا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب وزیراعظم غیرملکی دورے پر روانہ ہوئے ہیں، مئی 2023 کے واقعات سے پریشان منی پور کے لوگ اب بھی ان کی آمد کے منتظر ہیں، تاکہ زخموں پر مرہم رکھا جا سکے۔ لیکن وزیراعظم ریاستی رہنماؤں، سیاسی جماعتوں، سول تنظیموں یا عام لوگوں سے بات چیت کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ انہوں نے پوری طرح سے منی پور کو بے آسرا چھوڑ دیا ہے۔ منی پور وزیرداخلہ امیت شاہ کی زبردست ناکامی کا زندہ، افسوسناک ثبوت بن گیا ہے۔



اندور: عدالت نے کارپوریٹر انور قادری کو 8 دن کی پولیس ریمانڈ پر سونپ دیا، اس دوران یہ پتہ لگایا جائے گا کہ اس کا پیسہ کہاں سے آتا ہے۔

# چھتیس گڑھ کانگریس نے تین نئے وزراء کی تقرری پر ہائی کورٹ کا رخ کیا

بلاس پور:(یو این آئی) چھتیس گڑھ میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت میں تین نئے وزراء کی تقرری کی مخالفت کرتے ہوئے کانگریس نے اس کے خلاف ہائی کورٹ کا رخ کیا ہے اور مفاد عامہ کی عرضی دائر کی ہے۔ غور طلب ہے کہ ریاست کی بی جے پی حکومت میں کچھ دن پہلے تین نئے وزراء کی تقرری کے ساتھ ہی وزراء کی تعداد 11 سے بڑھ کر 14 ہوگئی ہے۔ کانگریس اس کی مخالفت کر رہی ہے اور اب اس کے خلاف ہائی کورٹ میں پی آئی ایل دائر کی گئی ہے۔ اس میں جنرل ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ، وزیراعلیٰ سمیت تمام 14 وزراء کو فریق بنایا گیا ہے۔ معاملے کی سماعت منگل کو ہونے کا امکان ہے۔ کانگریس کا کہنا ہے کہ یہ آئین کے آرٹیکل 164 (اے 1) کی خلاف ورزی ہے ۔ کانگریس کارکن باسدیو چکرورتی نے ہائی کورٹ میں ایک پی آئی ایل داخل کی ہے۔ درخواست میں درخواست گزار کا موقف ہے کہ اسمبلی میں کابینہ کے ارکان کل نشستوں کے 15 فیصد سے زیادہ نہیں ہوسکتے ۔ چھتیس گڑھ میں اسمبلی کی 90 سیٹیں ہیں۔

# جسٹس آلوک ارادھے اور جسٹس وپل پنچولی نے حلف اٹھایا

نئی دہلی:(یو این آئی) ہندوستان کے چیف جسٹس بی۔ آر۔ گوئی نے بمبئی ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس جسٹس آلوک ارادھے اور پٹنہ ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس جسٹس وپل پنچولی کو جمعہ کے روز سپریم کورٹ کے جج کے طور پر عہدے کا حلف دلایا۔ گزشتہ 25 اگست کو سپریم کورٹ کولیجیم کی سفارش کے بعد، مرکز نے 27 اگست کو ان کی تقرریوں پر



رضامندی ظاہر کی تھی۔ ان تقرریوں کے ساتھ سپریم کورٹ میں کام کرنے والے ججوں کی کل منظور شدہ تعداد 34 تک پہنچ گئی ہے ۔ گجرات ہائی کورٹ میں جج رہے جسٹس وپل پنچولی کی ترقی نے اس وقت سب کی توجہ اپنی طرف مبذول کرائی جب یہ خبریں آئیں کہ کولیجیم کی میٹنگ کے دوران جسٹس بی۔ وی۔ ناگرتنا نے ان کے نام پر اختلاف ظاہر کیا تھا۔ جسٹس پنچولی 28 مئی 2033 تک سپریم کورٹ میں خدمات انجام دیں گے ۔ جسٹس آلوک ارادھے نے اپنا عدالتی کیریئر مدھیہ پردیش ہائی کورٹ سے شروع کیا اور پھر کرناٹک ہائی کورٹ اور جموں وکشمیر ہائی کورٹ میں عدالتی خدمات انجام دیں۔ بعد میں وہ تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس بنے اور پھر انہیں بمبئی ہائی کورٹ کا چیف جسٹس مقرر کیا گیا۔ سپریم کورٹ میں ان کی مدت کار 13 اپریل 2029 تک رہے گی۔

# تعلیم میگھالیہ حکومت کی اولین ترجیح ہے: سنگما

تورا:(یو این آئی) میگھالیہ کے وزیراعلیٰ کونراڈ سنگما نے کہا ہے کہ ان کی حکومت تعلیم کے شعبے کو اعلیٰ ترین ترجیح دیتی ہے، کیونکہ ترقی اور خوشحالی صرف بہتر تعلیم اور انسانی وسائل کے ذریعے ہی حاصل کی جا سکتی ہے۔ جنوبی گارو ہلز ضلع کے چوکپوٹ اسمبلی حلقے میں مبونپارا ہائی اسکول کی نئی عمارت کا افتتاح کرتے ہوئے جناب سنگما نے کہا" تعلیم ہمیشہ سے ہمارے لیے ترجیحی شعبہ رہا ہے اور 30 ہزار کروڑ روپے کے بجٹ میں سے حکومت نے تعلیم کے لیے 2,500 کروڑ روپے مختص کیے ہیں۔ یہ اب تک مختص کی گئی کا سب سے زیادہ رقم ہے ۔" وزیراعلیٰ نے مزید بتایا کہ میگھالیہ کی 50 فیصد آبادی 20 سال سے کم عمر کی ہے اور



حکومت کی تمام اسکیموں، پروگراموں اور پالیسیوں کا رخ ریاست کے اس قیمتی اثاثے، یعنی نوجوانوں کی ترقی کی طرف ہونا چاہیے۔ جناب سنگما نے ریاست میں تعلیم کے شعبے میں بہتری اور ترقی کے لیے حکومت کے مختلف اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا" گزشتہ چند سال میں حکومت نے ریاست بھر کے سرکاری نچلی پرائمری، اپر پرائمری، سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری اسکولوں کی مرمت، توسیع یا تعمیر پر تقریباً 1,000 کروڑ روپے خرچ کیے ہیں۔" اس کے علاوہ، وزیراعلیٰ نے کہا کہ چوکپوٹ اپنی اسٹریٹجک اہمیت کے باعث نہ صرف جنوبی گارو ہلز ضلع بلکہ آس پاس کے اضلاع کے لیے بھی کنیکٹی ویٹی نیٹ ورک کا ایک اہم مرکز ہے۔

# چندر پور میں خوفناک حادثہ، ٹرک اور آٹو رکشا ٹکرانے سے 6 افراد ہلاک، تین زخمی

چندر پور:(یو این آئی) چندر پور ضلع کی راجورا تحصیل میں کپا گاؤں کے قریب آج صبح پیش آئے ایک دل دہلا دینے والے حادثے میں چھ افراد موقع پر ہی جان کی بازی ہار بیٹھے، جبکہ تین دیگر شدید زخمی ہوگئے ۔حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک تیز رفتار ٹرک راجورا سے کھمونہ۔سچگاؤں کی سمت جا رہا تھا اور گڈ چندور سے راجورا کی طرف آنے والا آٹو رکشا اچانک سامنے آ گیا۔ دونوں گاڑیاں آمنے سامنے آ ٹکرائیں جس کے نتیجے میں موقع پر ہی جان لیوا صورتحال پیدا ہوگئی۔

پولیس کے مطابق اس حادثے میں مرنے والوں کی شناخت پرکاش میشرم (48)، رویندر بوبڈے (48)، شنکر پرے (50)، تنو پمپلکر (16)، تارابائی پیلوار (50) اور ورشا منڈاڈے (50) کے طور پر ہوئی ہے۔ زخمیوں کو فوری طور پر چندر پور ڈسٹرکٹ جنرل اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ حادثے کی خبر ملتے ہی مقامی پولیس اور دیہاتی جائے وقوع پر پہنچے اور امدادی کارروائیاں انجام دیں۔

# فضائیہ کے سربراہ نے مشرقی کمان کی آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا

شیلانگ:(یو این آئی) ہندوستانی فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل امرپریت سنگھ نے مشرقی کمان کے کمانڈروں کے ساتھ آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا ہے۔ دفاعی ترجمان نے جمعہ کے روز بتایا کہ ایئر چیف مارشل سنگھ نے 28 اور 29 اگست کو میگھالیہ میں واقع کمانڈ ہیڈکوارٹر میں مشرقی کمان کے ایئر آفیسر کمانڈنگ ان چیف ایئر مارشل سورت سنگھ اور دیگر سینئر افسران کی موجودگی میں کمانڈروں کے اجلاس کی صدارت کی۔ فضائیہ کے سربراہ نے اپنے خطاب میں ملک کی شمالی اور مشرقی سرحدوں کی حفاظت میں مشرقی کمان کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے ابھرتے ہوئے خطرات اور چیلنجوں کا مقابلہ کرنے اور کسی بھی صورتحال کا فوری جواب دینے کے لیے اعلیٰ سطح کی تیاری برقرار رکھنے کے لیے ایک مربوط نقطہ نظر کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا۔

# کولکاتہ میں سوتیلے بیٹے نے ماں کو کیا قتل

کولکاتہ:(یو این آئی) مغربی بنگال پولیس نے کولکاتہ کے مشرقی حصے میں بنتالہ کے قریب کرائنڈانگا چڑے کے صنعتی علاقے سے ایک شخص کو اپنی سوتیلی ماں کے قتل کے الزام میں گرفتار کیا ہے ۔ ملزم کی شناخت روہت غازی کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ روہت نے اپنی سوتیلی ماں بلقیس بی بی (28) کو جمعرات کی شام اس وقت تیز دھار ہتھیار سے قتل کردیا جب وہ کام کے بعد فیکٹری سے باہر آرہی تھی۔ بلقیس کے شوہر کریم غازی جو کہ قریبی فیکٹری میں کام کرتا ہے چیخ وپکار سن کر باہر آیا تو دیکھا کہ بلقیس خون میں لت پت پڑی ہے ۔ متاثرہ کا شوہر اسے قریبی نرسنگ ہوم لے گیا لیکن بعد میں اسے قریبی اسپتال لے جانا پڑا، جہاں ڈاکٹروں نے بلقیس کو مردہ قرار دے دیا۔ پولیس نے مشتبہ شخص کے موبائل کو ٹریک کر کے اسے جمعہ کو گرفتار کرلیا۔ واضح رہے کہ ملزم روہت، غازی کی پہلی بیوی کا بیٹا ہے ۔ غازی اپنی پہلی بیوی کو چھوڑ کر متاثرہ کے ساتھ رہ رہا تھا۔

# اراضی فراڈ کیس میں دو ملزموں کے خلاف مقدمے درج: سی بی کے

سری نگر:(یو این آئی) کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم ونگ نے اراضی فراڈ کیس میں دو بدنام زمانہ دھوکہ بازوں کے خلاف دو الگ الگ مقدمے درج کیے ہیں۔ ونگ کے ایک ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اقتصادی جرائم ونگ (کرائم برانچ کشمیر) نے زمین دھوکہ دہی کے دو الگ الگ مقدمات میں دو دھوکہ بازوں کے خلاف مقدمے درج کیے ۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقدمے ریاض احمد بٹ ولد غلام محمد بٹ ساکن نوگام سری نگر اور شبیر احمد وانی ولد محمد اسماعیل وانی ساکن لسجن سری نگر کے خلاف درج کیے گئے ہیں جو دھوکہ دہی سے جائیداد فروخت کرنے، ریونیو دستاویزات کی جعلسازی وغیرہ میں ملوث ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ ایک کیس ایک خاتون کی طرف سے جمع کرائی گئی شکایت پر درج کیا گیا ہے جس نے الزام لگایا ہے کہ ملزم ریاض احمد بٹ ولد غلام محمد بٹ ساکن نوگام سری نگر نے اسے موضع بالہامہ میں واقع 1 کنال اور 5 مرلہ اراضی کا ٹکڑا سروے نمبر 312، کھیوٹ نمبر 27 اور کھاتہ نمبر 20 کو 25 لاکھ روپے کے عوض فروخت کیا۔ تاہم اسے کوئی زمین فراہم نہیں کی گئی اور اس کے بجائے مذکورہ زمین کسی اور شخص کو فروخت کردی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ایک اور مقدمہ ایک فرد کی جانب سے موصول ہونے والی شکایت پر درج کیا گیا ہے جس میں الزام لگایا گیا ہے کہ ملزمان ریاض احمد بٹ ولد غلام محمد بٹ ساکن نوگام سری نگر اور شبیر احمد وانی ولد محمد اسماعیل وانی ساکن لسجان سری نگر نے شکایت کنندہ کو 1 کنال اور 10 مرلہ اراضی واقع بالہامہ پانتھہ چوک سری نگر میں سروے نمبر 1683/315 من، کھیوٹ نمبر 45 اور کھاتہ نمبر 317 کو 73 لاکھ روپے کے عوض فروخت کیا جس کے لیے سیل ڈیڈ بھی رجسٹرڈ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ تاہم، ملزمان نے ریونیو حکام کے ساتھ ملی بھگت سے ریونیو ریکارڈ میں جعلسازی کی اور مذکورہ زمین کسی دوسرے شخص کو فروخت کردی اور اس طرح 73 لاکھ روپیوں کی رقم ہڑپ کرلی۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ریاض احمد بٹ اور شبیر احمد وانی دونوں ایک سابقہ مقدمہ ایف آئی آر نمبر 14/2025 میں بھی ملوث تھے اور انہیں اس سے قبل اقتصادی جرائم ونگ (کرائم برانچ کشمیر) نے اسی طرح کے جرائم میں گرفتار کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اقتصادی جرائم نے دونوں کیسوں کی مکمل تحقیقات شروع کردی ہیں۔



گیا: ایک مکان میں 947 ووٹرس/ راہل کے ٹوئیٹ پر ڈی ایم نے دیے جانچ کے احکام۔

# شاہ نے راہل کی 'بہار یاترا' کو 'درانداز بچاؤ یاترا' قرار دیا

گواہاٹی:(یو این آئی) مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جمعہ کے روز راہل گاندھی کی بہار میں نکالی گئی 'ووٹر ادھیکار یاترا' کو 'درانداز بچاؤ یاترا' قرار دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کو جتنی زیادہ گالیاں کانگریس دے گی، ملک میں اتنا ہی زیادہ "کمل" کھلے گا۔ امت شاہ نے گواہاٹی میں نئے راج بھون (گورنر ہاؤس) کے افتتاح کے موقع پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا جب دنیا کے 27 ممالک نے وزیراعظم مودی کو اپنے اعلیٰ ترین اعزازات سے نوازا ہے، ایسے وقت میں کانگریس اور گاندھی خاندان مسلسل وزیراعظم کی توہین کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے بہار کی ایک ریلی میں وزیراعظم نریندر مودی کی والدہ کے بارے میں توہین آمیز زبان استعمال کرنے پر کانگریس کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا بہار میں راہل گاندھی کی جانب سے جو یاترا نکالی گئی ہے وہ 'درانداز بچاؤ یاترا' کے سوا کچھ نہیں۔ یہ یاترا ووٹ بینک اور دراندازوں کو بچانے کے لیے ہے۔ جب درانداز ووٹر لسٹ میں شامل ہو جائیں گے، تو ملک کیسے محفوظ رہ سکتا ہے؟ انہوں نے کانگریس لیڈر سے بلاشرط معافی مانگنے کا مطالبہ بھی کیا۔ وزیر داخلہ نے وزیراعظم مودی کی حکومت کے 11 سال کو آسام کی تاریخ کا سنہرا دور قرار دیا۔ انہوں نے کہا آسام تحریک کے دنوں سے لے کر آسام کو



ملک کی آٹھ لکشمیوں (اشٹ لکشمی مشرقی ریاستوں) میں شامل کرنے تک، ریاست کا راستہ جدوجہد، بدامنی اور تشدد سے بھرا رہا ہے ۔ یہ وزیراعظم نریندر مودی اور آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما ہی ہیں جو چھ سالہ طویل آسام تحریک کے خوابوں کو حقیقت میں بدل رہے ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ جمعرات کی شام گواہاٹی پہنچے اور انہوں نے آسام کے ڈیرگاؤں میں واقع لاچت برفوکن پولیس اکیڈمی میں قائم نیشنل سائبر فورینسک لیبارٹری (این سی ایف ایل)، ایس ایس بی جوانوں کے لیے رہائشی کمپلیکس اور آئی ٹی بی پی جوانوں کے لیے رہائشی سہولیات سمیت کئی منصوبوں کا ورچوئل افتتاح کیا۔

# مغربی چمپارن: راہل اور تیجسوی نے بتیا میں روڈ شو کیا

بتیا:(یو این آئی) بہار اسمبلی انتخابات سے قبل ریاست میں سیاسی سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں اور اسی سلسلے میں کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) لیڈر تیجسوی پرساد یادو کی قیادت میں چلائی جا رہی 'ووٹر ادھیکار یاترا' آج اپنے 13 ویں دن بتیا پہنچی۔ ووٹر نظرثانی کے خلاف احتجاج میں عظیم اتحاد نے سڑکوں پر آ کر عوامی حمایت حاصل کرنے کی کوششیں تیز کردی ہیں۔ راہل گاندھی نے جمعہ کی صبح 8:40 بجے بتیا کے کڑیا کوٹھی سے یاترا شروع کی۔ یاترا کا پہلا پڑاؤ ہری واٹیکا تھا، جہاں انہوں نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کے مجسمے پر گلپوشی کر خراج عقیدت پیش کیا۔ گل پوشی کے بعد دونوں رہنماؤں نے 22 کلومیٹر طویل روڈ شو کا آغاز کیا۔ بتیا میں شاندار روڈ شو دیکھنے کے لیے لوگوں کی بڑی تعداد سڑکوں پر نکل آئی۔ اس دوران راہل گاندھی اور تیجسوی پرساد یادو کھلی جیپ میں سوار ہو کر پورے



راستے لوگوں کا استقبال کرتے رہے۔ یاترا بتیا کے محرم چوک، اجنتا سینما، ساگر پوکھرا چوک، املی چوک، نوتن۔ گوپال گنج روڈ، بگھی کھڈا، تھانہ چوک، نوتن بازار اور منگل پور ڈھالہ سے ہوتی ہوئی گوپال گنج پہنچے گی۔ 'ووٹر ادھیکار یاترا' کا مقصد ووٹر لسٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کے خلاف عوام کو آگاہ کرنا اور مرکزی اور ریاستی حکومت کی پالیسیوں پر سوال اٹھانا ہے۔

# سپریم کورٹ نے سبرامنیم سوامی کی عرضی پر رام سیتو معاملے میں مرکز کو نوٹس جاری کیا

نئی دہلی:(یو این آئی) سپریم کورٹ نے رام سیتو کو قومی یادگار کا درجہ دینے اور قومی اہمیت کے قدیم یادگار کے طور پر تسلیم کرنے سے متعلق سابق راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر سبرامنیم سوامی کی ایک مفاد عامہ عرضی پر آج مرکز حکومت کو نوٹس جاری کیا۔ سپریم کورٹ نے "رام سیتو" کو قومی یادگار قرار دینے سے متعلق ایک عرضداشت پر فیصلہ کرنے کی ہدایت کی مانگ والی درخواست پر مرکز کو نوٹس جاری کیا ہے۔ سابق راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر سبرامنیم سوامی کی عرضی پر اعلیٰ عدالت نے مودی حکومت کو نوٹس جاری کیا ہے۔ اس میں انہوں نے مرکز سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کی اس عرضی پر بروقت فیصلہ کیا جائے جس میں "رام سیتو" کو قومی یادگار اور قومی اہمیت کا حامل قرار دینے کی مانگ کی گئی ہے۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا کی بنچ نے یہ حکم صادر کیا۔ ڈاکٹر سوامی طبی وجوہات کی بنا پر سماعت کے دوران موجود نہیں ہو سکے اور ان کی نمائندگی سینئر وکیل



وبھا مکھیجا نے کی۔

عرضی میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ رام سیتو کو قومی یادگار کا درجہ دینے اور قومی اہمیت کے قدیم یادگار کے طور پر تسلیم کرنے کے لیے حکومت ہند، جیولوجیکل سروے آف انڈیا (جی ایس آئی) اور آرکیالوجیکل سروے آف انڈیا (اے ایس آئی) سے سروے کرائے۔ عرضی میں کہا گیا ہے کہ مرکزی حکومت رام سیتو کو غلط استعمال، آلودگی یا بے حرمتی سے بچانے کی پابند عہد ہے ۔ رام سیتو ان عقیدت مندوں کے لیے "بھکتی اور عقیدت کا موضوع" ہے جو اسے تیرتھ استھل مانتے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ ڈاکٹر سوامی اس سے قبل بھی سپریم کورٹ میں ایک عرضی دائر کر چکے ہیں جس میں انہوں نے ستو سمندرم پروجیکٹ کے لیے متبادل راستے کا مطالبہ کیا تھا تاکہ رام سیتو کو ڈریجنگ (کھدائی اور ملبہ ہٹانے کے عمل) سے ہونے والے نقصان سے بچایا جا سکے ۔ یہ عرضی عدالت میں زیرالتوا ہے جنوری 2023 میں عدالت نے رام سیتو کو قومی ورثہ قرار دینے کی ایک عرضی پر غور کیا تھا۔



جیسلمیر: نوجوان کی موت کے خلاف ممبر پارلیمنٹ بینی وال نے متاثرہ کنبہ کے ساتھ دھرنا دیا، ڈاکٹر پر غلط انجکشن لگانے کا الزام۔

